بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ شیریں

عالمی رابطہ ادب اسلامی کی مجلس امناء کے اجلاس منعقدہ قاہرہ (اگست ۲۰۰۷ء واستانبول اگست ۲۰۰۸ء) میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ عالمی رابطہ ادب اسلامی کی تاسیس پر ۲۵ برس (۱۹۸۴-۲۰۰۸ء) مکمل ہونے پر...... عالمی رابطہ ادب اسلامی کے تمام علاقائی (اقلیمی) دفاتر اپنی تاسیس سے لے کر ۲۰۰۸ء تک اپنی کارکردگی پر مبنی رپورٹس شائع کریں گے اور اپنی گذشتہ کارکردگی کو سامنے رکھ کر آئندہ کے لیے اسے بہتر بنانے کا پروگرام بنائیں گے۔

پاکستان میں عالمی رابطہ ادب اسلامی کی تاسیس عالمی رابطہ ادب اسلامی کے بانی صدر مولانا سید ابوالحسن علی الندویؒ کی ہدایت پر مئی ۱۹۹۶ء میں عمل میں آئی...... پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر اس کے صدر مقرر ہوئے۔ راقم الحروف نے ان کے ہمراہ بطور جنرل سیکرٹری کام شروع کیا۔ ۱۹۹۷ء میں مولانا حافظ فضل الرحیم کو نائب صدر مقرر کیا گیا۔

۲۰۰۲ء سے مولانا حافظ فضل الرحیم اس کے صدر ہیں اور راقم الحروف بطور نائب صدر کام کر رہا ہے۔ اس عرصے میں عالمی رابطہ ادب اسلامی کے تحت ایک بین الاقوامی اور پانچ قومی سطح کے اور متعدد لوکل سطح کے سیمی نار منعقد ہوئے اور اس عرصے میں قافلہ ادب اسلامی کے مجموعی طور پر پندرہ شمارے شائع ہو چکے ہیں۔

اسی طرح مختلف علمی اور ادبی موضوعات پر رابطہ کی طرف سے متعدد کتب شائع کی جا چکی ہیں، جس کی تفصیل اس خصوصی اشاعت میں دی جا رہی ہے اور قافلہ ادب اسلامی میں شائع ہونے والے مقالات کے اشاریئے بھی افادۂ عام کے لیے شائع کیے جا رہے ہیں۔

عالمی رابطہ ادب اسلامی...... مسلم ادباء اور شعراء کی بین الاقوامی تنظیم ہے جو دنیا بھر میں اسلامی ادب کو فروغ دینے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ یقیناً یہ قلمی جہاد اور دورِ حاضر کے تقاضوں کی تکمیل ہے۔ اس علمی، ادبی اور قلمی جہاد میں آپ بھی ہمارے ساتھ شریک ہوں۔ ؏ صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے

اس حوالے سے ہمیں آپ کی رائے اور آپ کے تعاون کا انتظار رہے گا۔ شکریہ

ڈاکٹر محمود الحسن عارف
مدیر مسئول